© rasailojaraid.com



# تبصرۂ کتاب

نام کتاب : عمدۃ المغیث شرح اردو الفیۃ الحدیث

نام مصنف : مولانا محمد منظور نعمانی

شارح : مولانا مفتی محمد اصغر خادم تدریس و افتاء جامعہ عزیز العلوم ویٹ مغارئی ملہ

قیمت : ۱۵۰/ روپے

سائز : ۲۰ × $\frac{30}{8}$ ۔ صفحات : ۴۵۶

ملنے کے پتے : مرکز و معارف۔ دیو بند ، دار الکتاب دیو بند

کتب خانہ رشیدیہ جامع مسجد دہلی، کتب خانہ عزیزیہ جامع مسجد دہلی

یہ کتاب عقائد، عبادات یعنی نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، نکاح، معاشرت، معاملات، اذکار و دعاء و استغفار۔ درود و اخلاقیات وغیرہ کے موضوع پر نہایت ہی مفید اور بیش بہا تحفہ ہے جو عوام و خواص علماء اور اساتذہ و طلبہ کے لیے لائق مطالعہ اور قابل استفادہ ہے۔

موصوف نے کتاب کی شرح میں سادہ زبان استعمال کی اور ان چیزوں کے اضافہ کا لحاظ رکھا ہے جسکی شدید ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ کتاب میں جو احادیث احکامات سے متعلق ان میں ائمہ اربعہ کا اختلاف مدلل اور تشفی بخش تحریر کیا ہے۔ خاص طور سے قرأۃ خلف الامام، رفع یدین رکعات وتر و تراویح۔ آمین بالجہر، بسم اللہ وغیرہ کے مسائل پر سیر حاصل بحث کی ہے جس کی وجہ سے یہ کتاب احادیث کی بڑی کتابوں میں بھی معاون ثابت ہوگی۔

اس عالم دین شخصیت نے اس کتاب کو بڑی محنت و جاں فشانی کے عالم میں مرتب کیا ہے۔ اس کا آرڈر بڑی مقدار میں ارسال کریں۔

© rasailojaraid.com